# Mr. Justice Anwar Zaheer Jamali

The Honourable Chief Justice of Pakistan

Address

# Improving the Quality of Legal Education

4 December 2015



"You know that the importance of education and the right type of education cannot be over-emphasized. Under foreign rule for over a century, in the very nature of things, I regret, sufficient attention has not been paid to the education of our people, and if we are to make any real, speedy and substantial progress, we must earnestly tackle this question and bring our educational policy and programme on the lines suited to the genius of our people, consonant with our history and culture, and having regard to the modern conditions and vast developments that have taken place all over the world."

**Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah**

All-Pakistan Educational Conference, held in Karachi on 27th November, 1947

Law & Justice Commission
*of* Pakistan

## Our Goal

Our Goal is a Pakistan based on a
fair and substantive Rule of Law

## Our Vision

A fair, impartial, inclusive and substantive
Rule of Law as the foundation of a modern and
dynamic Pakistan

## Our Mission

To lead the reform of law and justice institutions to be fair and inclusive; strengthen organizational capacities and accountability to be effectively responsive to citizens’ security and justice needs and well being; and empowering citizens to assert their rights and claim their entitlements, and exercise their duties and obligation.

Supported by:
Enhanced Democratic Accountability and Civic Engagement
EDACE

Distinguished guests
Ladies and Gentlemen

I am privileged to be invited by the Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto University of Law's *International Conference on Legal Education - The Continuum of Education in the Legal Profession: Enhancing Quality* and address a learned audience with whom I can share my thoughts on the quality of legal education.

Before moving to consider legal education, I will begin with the importance of law in our State and society.

1. We must recognize that Pakistan is essentially a traditional faith-based society that is moved by religious notions and injunctions, and justice is encapsulated as an ideal by the term “al Adl”, meaning, “The Just”, which is referred to as a “name” or an “attribute” of Allah Almighty. When doing justice, one essentially partakes in a function that is elevated for being close to Godliness: “Be just: this is closest to being God-conscious” (surah al-Maidah: 8). Hence, being a lawyer cannot be something purely transactional. In the Muslim world view, there is a strong religio-ethical element ascribed to being in a law related profession – an appreciation that we must reassert and make real in our professional lives by strengthening professional ethics and codes of conduct.

2. There are also numerous verses in the Qur'anic text that set out the religio-moral imperative to do justice. Harvard Law School, for instance, has described one such verse in surah al-nisa as “one of the greatest expressions of justice in history” as part of its Words of Justice exhibition, which is posted on its wall facing the faculty's main entrance[1]. It reads:

> “O ye who believe! Stand out firm for justice, as witnesses to Allah, even as against yourselves, or your parents, or your kin, and whether it be (against) rich or poor: for Allah can best protect both. Follow not the lust of your hearts, lest ye swerve, and if ye distort (justice) or decline to do justice, verily Allah is well acquainted with all that ye do.” (Verse 135)

3. At the same, as a lesson and a warning, the Qur'anic text provides historical examples of nations and societies that have been destroyed due the widespread injustice and inequity (surah Yusuf 10.13). In a nutshell, as I mentioned in my address to the Senate of Pakistan on 3

November 2015, unjust State and societies are inherently unstable and cannot sustain in the long-term.

4. The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973 also confirms the pre-eminence of justice when it states that “freedom, equality, tolerance and social justice, as enunciated by Islam shall be fully observed” (Preamble). And that the State shall guarantee “fundamental rights including equality of status, of opportunity and before law, social, economic and political justice …”; “wherein the judiciary shall be fully secured” and the State shall be based “on Islamic principles of social justice” that is further elaborated in the Principles of Policy that promise to ensure “inexpensive and expeditious justice” (art. 37(d)). As such, ensuring justice (adl) is a Constitutional as well as civic and religio-moral obligation on the State, its functionaries and society.

5. It is in light of these “expectations” that the legal profession is endowed with discharging a very onerous responsibility that requires a high degree of personal and professional trust, integrity and competence to provide an effective rule of law that timely responds to citizens' sense of justice and fairness. This also explains the importance and the effort that we should put in to developing and shaping legal scholarship.

**Ladies and Gentlemen:**

Next, I will briefly dwell on the importance and role of legal education.

6. It is a misconception that legal education is solely for lawyers and those in law-related professions, it is relevant and necessary for other fields such as accountancy, management, health and safety, bureaucracy and the like. Besides such professional and technical needs, a certain level of legal education and awareness is necessary for citizens to effectively engage with the State, the market and other citizens. It is in view of this lack of public awareness of law that the State and its organs such as the Judiciary and the Executive must proactively assume the responsibility for legal empowerment, reaching out to citizens and countering legal exclusion.

7. Our legal education is still predominantly confined to a study of obsolete principles and arcane procedures which have little utility in contemporary times. It can be connoted as the “nadir” of educational experience which is quite unfortunate considering the all-pervasive role that law plays in our society. To address and reform this deplorable state of legal education, the role law schools merits special attention.

8. Globally, academia has recognized that legal studies would be enriched by inter-disciplinary and comparative approaches. Our law schools also need to realize that study of law as a solitary discipline is futile and should be replaced by a dynamic law programme. Few law schools are moving in a promising direction by offering courses on law and development, sociology of law, and law and economic etc. However, a greater effort is required to hasten

---

[1] http://www.cair.com/press-center/american-muslim-news/12359-harvard-recognizes-quranic-verse-as-on-of-the-greatest-expressions-of-justice.html

the process and revamp the curriculum in order to align it with the requirements of twenty first century. For instance, clinical legal education which is based on apprenticeship-style learning should be made compulsorily as it gives students an insight into the actual working of the law and better prepares them for the practical world.

9. Besides improving course content, law teaching/legal pedagogy also needs to be revolutionalized. This can primarily be achieved by inducting and recruiting able faculty members who area academics, researchers and practitioners. These teachers should experiment with teaching styles and focus on interactive learning. Moreover, they need to combine desk research with empirical studies so as to impart a "socially relevant" education.

10. Law schools should enable an environment which inculcates and promotes research, critique, debate and analysis in students. By doing so, they can serve as a major catalyst for reinvigorating the legal profession by supplying high calibre students, who will enter the professional world as lawyers, judges, policy makers, advisors, negotiators, arbitrators and academics.

**Ladies and Gentlemen:**

11. Our legal system is characterized by pluralism that is an amalgamation of English common law and Islamic law. Additionally, it has been marred by several dictatorial regimes. Hence, it simultaneously incorporates disparate and diverse sets of ethos and principles, and it is the duty of the law schools to help students to comprehend the complex nature of our legal system. This will better prepare them to confront and respond to challenges that are posed by political, historical, social and economic transformations. It is a significant and critical academic task that we have not addressed too well.

12. This is well evidenced by the quality of our legal drafting. In addition to possessing excellent linguistic skills, legislative drafters need to comprehend the mechanics of our pluralistic legal society and current policy challenges whilst drafting laws. They need to ensure that the Preamble and Principles of Policy are effectively factored while remaining strictly within the confines of Fundamental Rights and observing relevant Islamic "injunctions". Law schools should therefore offer legal drafting as a specialism to equip future legislators with the requisite training.

13. A review of the late Chief Justice of Pakistan, Mr. Justice A. R. Cornelius' judgments and writings well demonstrate the richness of this legal heritage and the complexity in applying the laws as a judge. In this regard, I would like to refer you to Professor Ralph Braibanti's *Chief Justice Cornelius of Pakistan: An Analysis with Letters and Speeches* (1999). It examines how Justice Cornelius felt the need to "negotiate" different legal histories, cultures and jurisprudence in adjudication to do justice. It may not be too far fetched for me to say that he was our Lord Denning who has been variously described as "the people's judge"[2]. Cornelius sought to do "complete justice" by applying the law in a manner that responded to society's

---

[2]http://www.theguardian.com/uk/1999/mar/06/claredyer1; http://www.independent.co.uk/news/lord-denning-the-centurys-greatest-judge-dies-at-100-1078587.html

sense of justice and fairness keeping in view the diverse and at times conflicting histories, jurisprudence and common aspirations as set out in the Constitution. Through his judgments and works, he kept the Pakistan "ambition" alive as set out in the Preamble, Fundamental Rights and the Principles of Policy.

14. When legal academics critically assess our practice of judging and our theories of adjudication that we are consciously or unconsciously applying, the quality of adjudication will be more informed, it will be more consistent and rigorous. Hence, legal scholarship must enable future lawyers, academics and policy analysts to critically review and assess legislation and case law, and provide their critical feedback that will in turn inform judges about the theoretical, policy and practical implications for society. As judges, we too must be conscious of the fact that our judgments set precedents, which like laws, are public goods, and must be rigorously and critically tested. Good academia that is continuously testing our precedents will thus serve to improve the quality of adjudication as well as other law services.

**Ladies and Gentlemen:**

I will also briefly touch on professional legal education, which relates to the actual practice of law.

15. Although academic law studies inform our appreciation and practice of laws, professional legal education has very different requirements that must respond to a fast changing legal environment, so as to provide quality and timely law services. Ideally, professional legal education should be a separate component or course that specialises in developing essential knowledge and skills required for legal practice such as legal research, opinion writing, drafting and advocacy. The pupillage or apprenticeship stage needs to be structured so that pupil advocates are receiving the required training, which is effectively regulated by the relevant Bar Councils. The Pakistan Bar Council can take a lead on developing such training provision by setting out the minimum content to graduate from a pupil advocate to a full advocate and raising awareness amongst its members of the importance of being a pupil master.

16. The increased supply of quality entrants to law-related professions will hopefully increase the supply to the judicial profession that will ultimately serve to reduce the shortage in judicial officers. In the meanwhile, we are also carefully examining various methods to improve the quality of judicial education including deliberating over the possibility of developing a national judicial education strategy.

17. To improve the quality of the justice sector services, I must also add that the wider justice sector training requires a similar review. Numerous reports are highlighting the outdated and weak quality of training and technical capacity as key reasons for weak rule of law and justice service delivery. We need to consider recent developments in training content and methodologies such as adopting competency-based frameworks that focus on improving both knowledge, skills and attitudes. But I must add, we need corresponding civil service

reforms so that competencies are the basis of performance evaluation and promotions rather than seniority – when seniority is preferred over competence at  creates a perverse incentive that hinder performance.

**Ladies and Gentlemen:**

Continuing legal education is an essential for ensuring that current knowledge is available to law officers and other stakeholders.

18. The rapidity with which globalisation is affecting our State and society, and presenting challenges that are arising internationally and domestically, it is vital that we continue to invest in enhancing skills and knowledge to ensure that we cope with this transitioning world. Moreover, to be able to effectively work with other jurisdictions, legal systems and cultures, and to negotiate our interests effectively, we need to adapt in the context of such changes. We need to develop such local expertise rather than pay exorbitant amounts to foreign experts. It requires both academia and professional legal education to come together to inform each other. In my view, continuing education should be made a mandatory aspect of professional progression and promotions to incentivize the acquisition of new skills and knowledge.

**Ladies and Gentlemen:**

If I may, I will take this opportunity to offer some suggestions for moving forward.

19. The Higher Education Commission, the Pakistan Bar Council, universities, law schools and training organisations need to develop fast-track means to bridge the chronic capacity gaps that are adversely affecting the quality of our rule of law and the dispensation of justice. We need to invest in learning and innovation in academic and professional legal education linked to career progression. One means may be collaborations and mentoring arrangements with each other and international organizations to build local capacity.

20. In view of our technical capacity and needs, if I may, I would like to recommend that the Higher Education Commission consider developing modular law programmes enabling local law universities and schools to develop specialisms and allow students to study in different universities within Pakistan in line with their preferences. This would mean that universities and law schools recognize each other's “modules” and allow their students to study a particular subject in a university or a law school that has developed a certain specialism.

21. At the same time, we can consider developing exchange programmes for students, teachers and professionals with overseas universities and law schools on the pattern of the European Union's Eramus Programme[3]. This will enhance learning opportunities and promote understanding and integration amongst States and societies. For this purpose, we need to make education and human resource development a part of our international diplomacy and

---

[3]http://www.erasmusprogramme.com

[4]http://www.un.org/sustainabledevelopment/sustainable-development-goals/

cooperation efforts including in pursuance of the United Nations' Sustainable Development Goals[4].

22. I would like to take this opportunity to request, indeed urge, philanthropists and other persons of means to consider supporting deserving students to undertake legal education at leading schools or universities of law, who, otherwise, would not be able to afford to do so. It would serve to enhance access to education and be a great service to the community and the law-related professions.

**Ladies and Gentlemen:**

I will quickly consider the need for supporting a culture of rule of law as a prerequisite for development and growth of State and society.

23. I must add that weak legal education and awareness is a significant contributory factor in a weak rule of law that we are suffering in Pakistan. We need to introduce basic legal education much earlier in our school curricula so that citizens are better informed about how best to engage with the State, assert their rights and claim their entitlement as we discharge our civic duties and responsibilities. It will serve to create a more constructive relationship between State and society. There is therefore a need to “popularize” law so that citizens have access to law and legal thinking affecting their lives. Perhaps there is a role for universities and law schools to at least partly fill this gap by raising public awareness.

**Ladies and Gentlemen:**

24. By participating in your conference, I hope that I have made a small contribution in highlighting the need to improve the quality of legal education and made a few suggestions for your consideration. Finally, I must thank you for your invitation and, at the same, I congratulate you on this initiative to deliberate on the state of our legal education.

۲۳۔ پاکستان میں قانون کی بالادستی کی ابتر صورت حال کا ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ یہاں قانون کی تعلیم اور قانون سے آگہی کی کمی ہے۔ ہمیں اپنے اسکولوں کے نصاب میں آئین و قانون کی بنیادی باتوں کو ابتدائی درجوں سے ہی متعارف کرانا چاہیے تاکہ عوام کو اپنے حقوق و فرائض کے بارے میں کم عمری ہی میں آگاہ کردیا جائے۔ عوام کو علم ہو کہ انہیں ریاست سے کیسے معاملہ کرنا ہے، اپنے حقوق کے لیے کیسے اصرار کرنا ہے، اور شہری حقوق و فرائض کی انجام دہی کے بعد کس طرح ریاست سے اپنے مفادات حاصل کرنے ہیں۔اس کے نتیجے میں فرد اور ریاست کے مابین ایک مثبت رشتہ پیدا ہوگا۔ ہمیں قوانین کو عام کرنا ہوگا تاکہ عوام کی قانون کے ساتھ ساتھ اُس قانونی سوچ تک رسائی ممکن ہو جو ان کی زندگیوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ کچھ حد تک یہ ذمہ داری جامعات اور لاء سکولز کی بھی ہے کہ وہ رائے عامہ کو باخبر کرکے اس خلیج کو کم کر سکیں۔

خواتین و حضرات

۲۴۔ مجھے امید ہے کہ میں نے آج اس کانفرنس میں قانون کی تعلیم کی ترقی کے لیے اپنی تجاویز پیش کر کے اس اہم مقصد کی تکمیل میں کچھ حصہ ڈالا ہے آخر میں، میں یہاں مدعو کرنے پر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا اور قانون کی تعلیم جیسے اہم موضوع پر مباحثے کو فروغ دینے پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

**خدا حافظ**

**پاکستان پائندہ باد**

عمل سے جڑے رہیں۔

۱۸۔ عالم گیریت یا گلوبلائزیشن سے ہماری ریاست اورمعاشرے کو داخلی و خارجی سطح پر نت نئے چیلنجز کا سامنا ہے۔ اس لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم معلومات اور صلاحیتوں کے حصول میں سرمایہ کاری کرتے رہیں تاکہ اس بدلتی ہوئی دنیا سے ہم آہنگ رہیں۔ ہمیں دیگر علوم، قانونی نظاموں اور ثقافتوں کے ساتھ زیادہ بہتر طور پر کام کے قابل بننے اور اپنے مفادات کا تحفظ کرنے کے لیے ان تبدیلیوں کے ساتھ خود کو بھی بدلنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں بیرونِ ملک سے بڑے معاوضوں پر ماہرین کو بلانے کے بجائے اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل مقامی افراد کو موقع دینا چاہیے۔ ہمارے اہل علم اور قانون کے پیشہ سے وابستہ ماہرین کو یکجا ہو کر ایک دوسرے کی صلاحیت و ہنر سے مستفید ہونا چاہیے۔میری رائے میں تواب یہ ضروری ہوگیا ہے کہ پیشہ ورانہ ترقیوں کے لیے مسلسل تحصیلِ علم کی شرط کو لاگو کیا جائے تاکہ ہم نئے علوم اور مہارتوں کے حصول کو یقینی بنا سکیں۔

**خواتین و حضرات**

میں اب آپ کے سامنے قانون کی تعلیم کی ترقی کے لیے کچھ تجاویز پیش کرنا چاہوں گا۔

۱۹۔ پاکستان میں قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کی ابتر صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے ہائر ایجوکیشن کمیشن، پاکستان بار کونسل، جامعات ، قانون کی تعلیم دینے والے ادارے اور تربیتی تنظیموں کو ہنگامی بنیادوں پر ایسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جس سے پیشہ ورانہ استعداد کی کمی کے دیرینہ مسئلے کو حل کیا جا سکے۔ ہمیں قانون کی پیشہ ورانہ تعلیم میں جدت کے لیے اس شعبے میں سرمایہ کاری کرنی ہوگی اور اسے ترقی کا پیمانہ بنانا پڑے گا ۔ ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ باہمی تعاون اور رہنمائی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کا ایک ذریعہ ہو سکتا ہے۔

۲۰۔ ہماری تکنیکی مہارتوں اور ضروریات کو دیکھتے ہوئے میں یہ تجویز دینا چاہوں گا کہ ہائرایجوکیشن کمیشن قانون کی مقامی جامعات اور اداروں میں ایسے پروگرام شروع کرے جہاں طلبہ اپنی پسند اور ترجیح کے مطابق قانون کے مختلف شعبوں میں مہارت حاصل کرسکیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مختلف جامعات اور لاء اسکول ایک دوسرے کے نصاب کو تسلیم کریں اور اس بات کی اجازت دیں کہ اگر کوئی طالب علم چاہے تو وہ کسی مخصوص شعبے کی تعلیم کسی مخصوص جامعہ یا ادارے میں حاصل کرسکے۔

۲۱۔ ہم یورپی یونین کےEramus پروگرام کی طرز پر بیرونِ ملک جامعات و لاء سکولز کے ساتھ اپنے طلبہ، اساتذہ اور پیشہ وروں کے تباد لہ کا پروگرام بھی شروع کرسکتے ہیں۔اس سے مختلف ریاستوں اور معاشروں کے درمیان افہام و تفہیم او ر ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔اس مقصد کے لیے ہمیں اپنی بین الاقوامی سفارتکاری اور باہمی تعلقات کی پالیسی میں تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی کو شامل کرنا ہوگا جس سے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کو بھی فروغ ملے گا۔

۲۲۔ میں اس موقع پر معاشرے کے مخیر افراد سے بھی کہنا چاہوں گا کہ وہ سامنے آئیں اور ضرورت مند طلباء کے لیے قانون کی تعلیم دینے والی ملک کی معروف جامعات اور لاء سکولز میں تعلیم کا اہتمام کریں۔ ا س سے طلباء کے لیے قانون کی تعلیم تک رسائی آسان ہوگی جس سے نا صرف قانون کا شعبہ بلکہ عمومی طور پر پورا معاشرہ مستفید ہوگا۔

خواتین و حضرات

ریاست اور معاشرے کی ترقی و استحکام کے لیے ضروری ہے کہ یہاں قانون کی بالادستی کا دوردورہ ہو۔

۱۴۔ ہمارے فیصلے زیادہ معلوماتی ، زیادہ متوازن اور درست اُس وقت ہونگے جب ماہرینِ قانون ہمارے فراہمی انصاف کے عمل اور نظریات کا تنقیدی تجزیہ کریں گے ، جنہیں ہم فیصلے صادر کرتے ہوئے دانستہ یا نادانستہ طور پر اختیار کرتے ہیں۔ پس شعبہ تعلیم سے وابستہ افراد کو چاہیے کو وہ مستقبل کے وکلاء اساتذہ اور پالیسی سازوں کو اس قابل بنائیں کہ وہ قوانین اور کیس لاء کا تنقیدی جائزہ لے سکیں اور اپنی تنقیدی رائے کے نظریاتی ،عملی اورپالیسی کے حوالے سے مضمرات سے ججوں کو آگاہ کر سکیں۔ بہ حیثیت منصف ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی ہوگی کہ ہمارے فیصلے نظیریں قائم کرتے ہیں جو قوانین کی طرح عوامی اثاثہ ہیں اس لیے ان کی بھی سختی کے ساتھ جانچ پرکھ کی ضرورت ہے ۔اگر یہاں اعلیٰ فکر کے حامل ایسے ماہرین قانون موجود ہوں جو ہمارے فیصلوں کو مسلسل جانچتے رہیں تو اس سے نہ صرف فیصلہ سازی کا معیار بہتر ہوگا بلکہ قانون سے منسلک دیگر شعبوں اور خدمات کے معیار میں بھی بہتری آئے گی۔

**خواتین و حضرات**

میں پیشہ ورانہ قانونی تعلیم کے بارے میں بھی مختصراً بات کرنا چاہوں گا جس کا تعلق اصل میں قانون کی پریکٹس سے ہے ۔

۱۵۔ اگرچہ قوانین کی نظری تعلیم سے ان پر عمل درآمد کے بارے میں ہماری عمومی تفہیم میں اضافہ ہوتا ہے۔تاہم قوانین کی پیشہ ورانہ تعلیم کی قطعاً مختلف ضروریات ہیں جس میں شعبہ قانون کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورت حال کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے تاکہ معیاری اور بروقت قانونی خدمات کی ادائیگی کو ممکن بنایا جاسکے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ شعبہ قانون کی پیشہ ورانہ تعلیم کو ایک علیحدہ مضمون کی حیثیت دی جائے جس میں تحقیق، اظہارِ رائے، مسودہ قانون کی تیاری اور پیروکاری یا ایڈووکیسی جیسے بنیادی اہمیت کے حامل امور پر معلومات فراہم کی جائیں جن سے آگاہ ہونا اس پیشے میں آنے کے لیے نہایت ضروری ہے۔متعلقہ بار کونسلوں کو اپنی نگرانی میں اس تعلیم یا اپرنٹس شپ کے مرحلے کو منظم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ طالب علموں کی ضروری تربیت اورمہارتوں کو یقینی بنایاجاسکے۔پاکستان بار کونسل اس ضمن میں ابتدائی طور پر ایسا نصاب مرتب کرکے پیش قدمی کرسکتی ہے جس سے ایک جانب موثر طور پر قانون کے نوآموز طالب علم کو کہنہ مشق پیشہ ور وکیل میں تبدیل کیا جاسکے، تو دوسری جانب خود کونسل کے اپنے ارکان میں پڑھنے پڑھانے کے ذوق و شوق کی ترویج ہوسکے۔

۱۶۔ قانون سے متعلق شعبہ جات میں معیاری افرادی قوت میں اضافہ ہوگا تو انصاف کے شعبے میں بھی نئے لوگ آئیں گے اور اس طرح جوڈیشیل آفیسرز کی کمی دوُر کرنے میں مدد ملے گی۔ ہم جوڈیشیل تعلیم کے معیار میں اضافے کے لیے بھی مختلف تجاویز پر غور کررہے ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ پاکستان میں قومی جوڈیشیل تعلیمی پالیسی ترتیب دی جائے۔

۱۷۔ شعبہ انصاف میں خدمات کا معیار بلند کرنے کے لیے اس شعبے سے وابستہ افراد کی تربیت کا تجزیہ کرنا بھی ضروری ہے۔ متعدد جائزوں میں اس بات کی نشا ندہی کی گئی ہے کہ پاکستان میں قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کی راہ میں حائل ایک بڑی رکاوٹ اس شعبے میں فرسودہ اور ناقص تربیت کی فراہمی اورمتعلقہ مہارتوں میں کمی ہے۔ہمیں تربیتی مواد کی تیاری اور ادائیگی کے جدید طریقوں کو سیکھنا ہوگا تاکہ معلومات اور مہارتوں کو فروغ دینے والے نظام کو اپنا سکیں۔تاہم میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ ہمیں اس کے ساتھ ساتھ سول سروس میں بھی اصلاحات کرنی ہونگی تاکہ ترقیوں اور کارکردگی کے تجزیے میں سینیارٹی کے بجائے مہارتوں اور صلاحیتوں کو فوقیت دی جائے ۔ کیونکہ سینیارٹی کی اہلیت پہ فوقیت ایک منفی رویے کو جنم دیتی ہے جس سے کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔

**خواتین و حضرات**

یہ امر بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ قانون کے شعبے سے وابستہ افراد اور متعلقہ فریق تحصیل علم کے مسلسل

کچھ اداروں نے اس جانب سفر شروع کیا ہے اور اب انھوں نے قانون اور ترقی، قانون کی عمرانیات اور قانون ومعاشیات جیسے موضوعات پڑھانے شروع کئے ہیں۔ تاہم اس عمل میں مزید ترقی کے لیے زیادہ کاوشوں کی ضرورت ہے تاکہ اکیسویں صدی کے تقاضوں کو پورا کیا جاسکے۔ مثال کے طور پر طلبہ کے لیے اپرنٹس شپ طرز کی عملی تربیت کا اہتمام لازمی قرار دینے کی ضرورت ہے تاکہ وہ عملی طور پر قانون کے نفاذ کے تقاضوں کو جان کرزیادہ بہتر سمجھ بوجھ کے ساتھ پیشہ ورانہ میدان میں قدم رکھ سکیں۔

۹۔ نصاب کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ہمیں قانون پڑھانے کے انداز میں بھی انقلابی تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اساتذہ کی صفوں میں اہلِ علم، محققین اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے حامل افراد شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ہمارے اساتذہ کو پڑھانے کے نئے اور زیادہ مربوط طریقوں کو اپنانا ہوگا۔ انہیں کتابی تحقیق کے ساتھ ساتھ زمینی حقائق کو بھی مد نظر رکھنا ہوگا تا کہ وہ ایسی تعلیم فراہم کرسکیں جو معاشرے کے لیے زیادہ کارآمد ہو۔

۱۰۔ قانون کی تعلیم دینے والے اداروں کوطلبہ میں تحقیق و جستجو، مباحثے اور تجزیے کی استعدا دبڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ اگر وہ ایسا کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو یہ قانون کے شعبے کی بڑی خدمت ہوگی۔یہ ان اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل طلبہ کے لیے نہایت کار آمد ثابت ہوگا جو مستقبل میں وکیل، جج، پالیسی ساز، مشیر، معاون ، مصالحت کار یا استاد کے فرائض ادا کرنے والے ہیں۔

۱۱۔ ہمارا نظام قانون اسلامی قانون اور انگریزی رواجی قانون (English Common Law) کا امتزاج ہے۔ اس میں متعدد جگہ آمرانہ ادوار کا رنگ بھی موجود ہے۔ اس بنا پر یہ مختلف عقائد و تصورات کامجموعہ ہے۔ یہ قانون پڑھانے والے اداروں کا فرض ہے کہ وہ اس صورت حال کے نتیجے میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کے بارے میں طالب علموں کو اچھی طرح آگاہ کریں۔ایک بار ان چیلنجوں کو اچھی طرح سمجھ کر ہی وہ آنے والے ادوار کے سیاسی، تاریخی، سماجی اور معاشی تغیرات کا مقابلہ کرسکیں گے۔ تاحال ہم اس اہم علمی فریضے کی انجام دہی میں زیادہ کامیاب نہیں ہوسکے ہیں۔

۱۲۔ اس صورت حال کی عکاسی ہمارے یہاں قانونی مسودوں کی تیاری یا لیگل ڈرافٹنگ کے معیار سے ظاہر ہوتی ہے۔ جو افراد ہمارے یہاں قوانین کے مسودے تیار کرتے ہیں، ان کو زبان و بیان پر بہترین عبور رکھنے کے ساتھ ساتھ ہمارے نظامِ قانون کی پیچیدگیوں اور آنے والے ادوار کے چیلنجوں سے بھی پوری طرح واقف ہونا چاہیے۔ انہیں قوانین لکھتے ہوئے ہر ممکن طور پر خیال رکھنا چاہیے کہ ان قوانین میں قراردادِ مقاصد، آئین کے دیباچے اور پالیسی اصولوں کو سامنے رکھا گیا ہے۔نیزیہ قوانین آئین میں بیان کردہ بنیادی حقوق کے دائرے کے اندر ہیں اور اسلامی احکامات سے ہم آہنگ ہیں۔ قانون پڑھانے والے اداروں کو لیگل ڈرافٹنگ کا مضمون خصوصی طور پر نصاب میں شامل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ طلبہ کو اس اہم شعبے کے تمام تقاضوں سے عمدگی کے ساتھ عہدہ برآ ہونا سکھایا جاسکے۔

۱۳۔ اگر پاکستان کے ایک سابق چیف جسٹس جناب جسٹس اے آر کارنیلیس کے لکھے ہوئے فیصلوں اور تحریروں کو پڑھا جائے تو ایک عظیم قانونی میراث سے واقفیت کے ساتھ ساتھ ان پیچیدگیوں سے بھی آگاہی ہوتی ہے جو قوانین کے نفاذ میں ایک منصف کے سامنے آتی ہیں۔ میں چاہوں گا کہ آپ اس ضمن میں پروفیسر رالف برے بنتی
Professer Ralph Braibanti کی کتاب
Chief Justice Cornelius of Pakistan: Analysis with Letters and Speeches (1999) کا ضرور مطالعہ کریں۔
اس کتاب میں تجزیہ کیا گیا ہے کہ جسٹس کارنیلیس کو انصاف فراہم کرنے کے لیے کس طرح مختلف تواریخ قانون ، کلچر اور نظاموں پر نگاہ رکھنی پڑتی تھی۔ مجھے یہ کہنے میں عار نہیں کہ جسٹس کارنیلیس کی حیثیت ہمارے لیے لارڈ ڈیننگ سے کم نہیں جنھیں " عوامی منصف" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جسٹس کارنیلیس قانون کو اس طرح نافذ کرنے کے حامی تھے کہ مکمل انصاف بھی ہوجائے اورمعاشرے میں عدل و انصاف کی مختلف ضرورتوں کی تسکین بھی ہوسکے۔ نیزباہم متصادم تواریخ، نظام قانون اور عوامی امنگوں کی بھی تشفی ہو جن کا آئین پاکستان میں ذکر موجود ہے۔اپنے فیصلوں کے ذریعے جسٹس کارنیلیس نے اُس آس اور امید کو بیدار کرنے کی کوشش کی تھی جو آئین پاکستان کے دیباچے، بنیادی حقوق اور پالیسی اصولوں میں نمایاں جھلک رہی ہے۔

بچنا چاہو گے تو جان رکھو کہ اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے"۔ (آیت ۱۳۵)۔

۳۔ قرآن کریم میں تنبیہہ کے لیے گزشتہ امتوں کے واقعات بیان کیے گئے ہیں جو کہ ناانصافی اور ظلم کے باعث تباہ و برباد ہوگئی تھیں۔ سورۃ یوسف کی آیت نمبر ۱۳ اس کی ایک مثال ہے۔ مختصراً میں نے 3 نومبر 2015ء کو سینیٹ آف پاکستان سے اپنے خطاب میں بھی کہا تھا کہ ظلم اور جبر پر قائم ریاست اور معاشرے اپنی ساخت میں غیر مستحکم اور ناپائیدار ہوتے ہیں۔

۴۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور بھی انصاف کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور ابتدائیے میں ہی کہتا ہے کہ یہاں "اسلامی عقائد کی روشنی میں آزادی، مساوات، تحمل اورمعاشرتی انصاف کوممکن بنایا جائے گا"۔ نیز ریاست اس امر کی ضمانت دے گی کہ "ہرفرد کو بنیادی حقوق حاصل ہوں جن میں رُتبے اور مواقع میں برابری، قانون کے سامنے برابری اورمعاشرتی معاشی اور سیاسی مساوات شامل ہیں"۔ ساتھ ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ "عدلیہ کو مکمل تحفظ دیا جائے گا" اور ریاست کی بنیاد "معاشرتی انصاف کے اسلامی تصور" پر رکھی جائے گی۔ ان باتوں کی مزید وضاحت پالیسی اصولوں کے باب میں کی گئی ہے جہاں یہ عہد کیا گیا ہے کہ "سستے اور فوری انصاف کو یقینی بنایا جائے گا"۔[شق37 (د)]۔ پس ریاست اور اس کے ملحقہ اداروں اور بہ حیثیت مجموعی پورے معاشرے پر یہ آئینی، شہری اور مذہبی و اخلاقی ذمے داری عائد کی گئی ہے کہ وہ مل کر عدل قائم کریں گے۔

۵۔ ان بلند وبالا "توقعات" کے ساتھ قانون کے شعبے سے وابستہ افراد پر یہ کٹھن ذمہ داری عائد ہے کہ وہ ذاتی اور پیشہ ورانہ طور پر نہایت اعلیٰ اقدار، دیانت، کردار اور اہلیت کا مظاہرہ کریں گے تاکہ معاشرے میں قانون کی ایسی بالادستی قائم کی جاسکے جو انصاف سے متعلق عوامی امنگوں اور عمومی تقاضوں کو پورا کرتی ہو۔ ان توقعات سے ہمیں یہ بھی علم ہوتا ہے کہ قانون فہمی کے عمل کو معاشرے میں کتنی اہمیت اور مقام دینا ضروری ہے۔

**خواتین وحضرات**

اس موقع پر میں قانون کی تعلیم کی اہمیت او ر دیگر شعبوں میں اس کے کردار پر مختصراً روشنی ڈالوں گا۔

۶۔ یہ خیال غلط فہمی پر مبنی ہے کہ قانون کی تعلیم محض وکلاء اور قانون کے شعبے سے وابستہ افراد کے لیے مخصوص ہے۔ قانون کی تعلیم دیگر شعبوں یعنی اکاؤنٹینسی، مینجمنٹ، صحت اور حفاظت، بیوروکریسی اور ایسے ہی دیگر شعبوں کے لیے بھی اتنی ہی اہم ہے۔ ان پیشہ وارانہ اور تکنیکی ضروریات کے علاوہ عوام کے لیے قانون کی خاطر خواہ تفہیم اور تعلیم اس لیے بھی ضروری ہے تاکہ وہ نہ صرف ریاست کے ساتھ بلکہ کاروباری معاملات اور دیگر شہریوں کے ساتھ اپنے معاملات کو بہتر طور پر چلاسکیں۔ تاہم جب تک عوام میں قانون کی یہ فہم عمدگی سے سرایت نہ کرجائے، یہ ذمے داری ریاست اور اس کے ادارو ں، جیسے عدلیہ اور انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے کہ وہ عوام کو بااختیار بنانے کے لیے آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کریں اور سب تک قانون کی رسائی کو ممکن بنائیں۔

۷۔ ہمارے یہاں قانون کی تعلیم قدیم اور فرسودہ اصول و ضوابط پر استوار ہے جو عہدِ حاضر میں اپنی افادیت کھو چکے ہیں۔ معاشرے میں قانون کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں، لیکن قانون کی تعلیم کا یہ نادر تجربہ افسوس ناک ہے۔ قانون کی تعلیم کی اس زبوں حالی کو دیکھتے ہوئے بہتری اور اصلاحات کے لیے تعلیم دینے والے اداروں کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

۸۔ دنیا میں یہ بات تسلیم کی جارہی ہے کہ قانون کی تعلیم میں دیگر شعبوں کے ساتھ اشتراک اور تقابل کو شامل کیا جانا ضروری ہے۔ ہمارے یہاں قانون کی تعلیم کے اداروں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ صرف قانونی تعلیم دینا ہی کافی نہیں بلکہ اب اس کی جگہ ایک متحرک اور جاندار نصاب ترتیب دینا بھی لازمی ہے۔خوش آئند امر یہ ہے کہ قانون کی تعلیم کے

عزت مآب چیف جسٹس پاکستان

## جناب جسٹس انورظہیر جمالی

### چیئرمین

### قانون وانصاف کمیشن، پاکستان

### حکومتِ پاکستا

**محترم خواتین و حضرات!**

**اســـــلام علیـــــکم!**

میں شکرگزار ہوں کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو یونیورسٹی برائے قانون کے منتظمین نے مجھے

(International Conference on Legal Education-The Continuum of Education in the Legal Profession : Enhancing Quality)

میں مدعو کر کے یہ موقع دیا کہ میں اس معزز اجتماع کے سامنے قانون کی تعلیم اور اس کے معیار کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کروں۔

قانون کی تعلیم کے بارے میں اظہار خیال سے پہلے میں پاکستانی ریاست اور معاشرے میں قانون کی اہمیت کے بارے میں کچھ گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

۱۔ ہمیں یہ بات تسلیم کر لینی چاہیے کہ پاکستانی معاشرہ، بنیادی طور پر ایک مذہبی روایات پر چلنے والا معاشرہ ہے جہاں مذہبی اقدار و احکامات کی پیروی کی جاتی ہے۔ اس معاشرے میں انصاف کا عمل **"العدل"** کے اصطلاحی تصور سے وابستہ ہے ، جس کا مطلب ہے "منصف" یا "انصاف پسند" جو خدائے بزرگ و برتر کی صفاتِ جلیلہ میں سے ایک صفت پر مبنی اسم ہے۔ جب ہم انصاف کرتے ہیں تو درحقیقت ایک ایسا عمل کرتے ہیں جو خدا کو بہت پسند ہے۔ سورہ المائدہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ **" انصاف کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے"**۔(آیت نمبر ۸) اس لیے وکیل ہونا بھی کوئی معمولی بات نہیں ہے بلکہ اسلامی نقطۂ نظر سے دنیاوی امور میں ان لوگوں سے گہری مذہبی و اخلاقی توقعات وابستہ کی گئیں ہیں جو قانون کے شعبے سے منسلک ہیں ۔ اس لیے ہم سے بجا طور پر توقع کی جاتی ہے کہ ہم اپنے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں اخلاقی او ر پیشہ ورانہ اقدار کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

۲۔ قرآن کریم میں بارہا ہم پر یہ اخلاقی و مذہبی ذمے داری عائد کی گئی ہے کہ عدل کریں،مثال کے طور پر ہارورڈ لاء اسکول نے سورۃ النساء کی ایک آیت کو اپنی ایک نمائش میں انصاف کی عظیم ترین تشریح قرار دیا ہے جو کہ یونیورسٹی کے شعبۂ قانون کی مرکزی دروازے کے عین سامنے واقع دیوار پر تحریر ہے جس میں اللہ نے فرمایا ہے

"اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے لیے سچی گواہی دو خواہ (اس میں ) تمھارا یا تمھارے ماں باپ یا رشتہ داروں کا نقصان ہی کیوں نہ ہو۔ اگرکوئی امیر ہے یا فقیر ہے تو اللہ ان کا خیر خواہ ہے اور تم خواہش نفس کی پیروی میں عدل کو نہ چھوڑ دینا ۔ اگر تم پیچ دار شہادت دو گے یا (شہادت سے )

## ہمارا مقصد

منصفانہ اور اصولی قوانین کی حکمرانی پر قائم پاکستان

## ہماری منزل

ایک منصفانہ، غیرجانبدارانہ،جامع اور اصولی قوانین پر قائم
ایک جدیداور متحرك پاکستان

## ہمارا نصب العین

اصلاحات کی کوشش کرنا تاکہ قوانین اور پالیسیز کو شفاف، جامع اور عوام دوست بنایا جائے اور اداروں کی اصلاحیتوں کو بہتربنانے کی موثر کوششیں کرنا، تاکہ یہ عوامی توقعات پر پورے اُتر سکیں اور اُن کی انصاف اور حفاظتی ضروریات پوری ہو سکیں۔اورشہریوں کو با احتیار بنانا تاکہ وہ اپنے حقوق حاصل کر سکیں اور قانونی فرائض بھی ادا کرسکیں۔

**معاونت:** فروغِ جمہوری جوابدہی اور شہری شمولیت(ایڈیس)

# جناب جسٹس انورظہیر جمالی

## عزت مآب چیف جسٹس پاکستان

## خطاب

# تعلیمِ قانون کے معیار میں بہتری

۴ دسمبر ۲۰۱۵



" آپ جانتے ہیں کہ تعلیم کی اہمیت اور صحیح تعلیم پرجتنی بھی توجہ دی جائے وہ کم ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ ایک صدی سے زیادہ عرصہ تک اغیار کی حکمرانی میں ہمارے عوام کی تعلیم پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی ۔اگر ہم جلد اورصحیح معنوں میں ترقی کے آرزو مند ہیں تو ہمیں اس مسئلے کو حل کرنا ہوگا اور اپنی تعلیمی پالیسی اورآیندہ کے لاأحہ عمل کو ایسے خطوط پر استوار کرنا ہوگا جو زیادہ سود مند اور ہماری تاریخ و ثقافت سے ہم آھنگ ہو اوراس میں جدید دنیا کے تقاضوں کو بھی مدنظر رکھا گیاہو "

**قائداعظم محمد علی جناح**

کُل پاکستان تعلیمی کانفرنس ،کراچی منعقدہ ۲۷نومبر ۱۹۴۷سے خطاب کوبھی مد نظر رکھا گیا ہو

Law & Justice Commission
*of* Pakistan